# 10-06-2024 MONDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاستی حکومت تعلیمی اور زرعی کمیشن تشکیل دے کہ تا کہ دونوں شعبوں کو درپیش مسائل کا حل تلاش کیا جاسکے۔

۲۔ نریندر مودی نے آج تیسری مرتبہ وزیراعظم کے عہدہ کا جائزہ حاصل کرلیا۔ انہوں نے پی ایم کسان سماندھی کی 17 ویں قسط کی اجرائی سے متعلق پہلی فائل پر دستخط کیئے۔

۳۔ نئی مرکزی کابینہ کا پہلا اجلاس اِس وقت دہلی میں جاری ہے۔

اور

۴۔ تلگودیشم کے نومنتخب ارکانِ اسمبلی کا کل اجلاس ہوگا، جس میں چندرا بابو نائیڈو کو لیڈر منتخب کیا جائے گا۔

☆☆

تلنگانہ میں آئندہ تین دن کے دوران ایکا دوکہ مقامات پر گرج چمک اور تیز ہواوں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ دفتر موسمیات نے آج اپنی رپورٹ میں بتایا کہ ریاست میں آئندہ سات دن کے دوران چند مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک کے ساتھ بوندہ باندی ہوسکتی ہے۔ ریاست میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ایکا دوکہ مکانات پر بارش ہوئی۔ اعظم ترین درجہ حرارت 39.8 ڈگری سلسیس کل عادل آباد میں ریکارڈ کیا گیا۔

☆☆☆

چیف آف ایر اسٹاف ایر چیف مارشل وی آر چودھری اس مہینہ کی پندرہ تاریخ کو ایرفورس اکیڈیمی دونڈیگل میں 213 ویں آفیسرس کورس کی کمبائنڈ گریجویشن پریڈ میں شرکت کریں گے۔ انڈین ایرفورس کی فلائنگ اور گراونڈ ڈیوٹی برانچس کے فلائٹ کیڈیٹس کی پری کمیشنگ ٹریننگ کی کامیاب تکمیل کے موقع پر یہ پروگرام روایتی انداز میں منعقد کیا جائے گا۔ اس تقریب میں چیف آف ایر اسٹاف گریجویٹنگ ٹرینیس کو پریسیڈنٹس کمیشن پیش کریں گے۔ اس پروگرام میں کامیابی کے ساتھ فلائنگ ٹریننگ مکمل کرنے والے فلائٹ کیڈیٹس، ہندوستانی بحریہ اور انڈین کوسٹ گارڈ کے آفیسرس اور دوست ممالک کے عہدیداروں کو وینگس پیش کیئے جائیں گے۔

☆☆

نریندر مودی نے آج تیسری مرتبہ وزیراعظم کے عہدہ کا جائزہ حاصل کرلیا۔ انہوں نے چارج لینے کے بعد پی ایم کسان سماندھی کی 17 ویں قسط کی اجرائی سے متعلق پہلی فائل پر دستخط کیئے۔ اس اقدام سے 9 کروڑ 30 لاکھ کسانوں کو تقریباً 20 ہزار کروڑ روپے حاصل ہوں گے۔ مودی نے کہا کہ نئی حکومت پر پہلا فیصلہ کسانوں کی بہبود کے تیئں اُس کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت آنے والے دنوں میں کسانوں اور زرعی شعبہ کے لئے مزید اقدامات کرے گی۔ کسانوں کو امداد کی فراہمی کے لئے 2019ء میں پی ایم کسان اسکیم شروع کی گئی تھی۔

☆☆

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کشن ریڈی، رام موہن نائیڈو اور تلنگانہ اور آندھراپردیش کے دیگر نئے مرکزی وزراءٔ کو آج مبارکباد دی۔ انہوں نے اس وزرا پر زور دیا کہ وہ آندھراپردیش تنظیم جدید قانون 2014ء کی دفعات پر عمل آوری کے لئے کام کریں اور دونوں تلگو ریاستوں کے لئے مرکز سے فنڈس اور پراجکٹس حاصل کریں۔ کشن ریڈی اور رام موہن نائیڈو نے کابینی وزرا کی حیثیت سے کل حلف لیا۔ بنڈی سنجے کمار، چندر شیکھر پیماسانی اور بھوپتی راجو سرینواس ورما کو مملکتی وزرا کا حلف دلایا گیا۔

☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے سابق وزیر سرینواس یادو کے بھائی اور مونڈا مارکٹ ٹریڈرس اسوسی ایشن کے صدر پی شنکر یادو کی موت پر اپنے رنج وملال کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مونڈا مارکٹ ٹریڈرس اسوسی ایشن اور بوئن پلی مارکٹ کے صدر کی حیثیت سے شنکر یادو نے تاجروں کی بھلائی کے لئے کئی اقدامات کیئے۔ شنکر یادو گزشتہ چند دن سے علیل تھے اور یہ امید کی جا رہی تھی کہ وہ صحت یاب ہو جائیں گے۔ کے ٹی آر نے شنکر یادو کے ارکان خاندان سے تعزیت کا اظہار کیا۔

☆☆

تلنگانہ میں شیعہ مسلمانوں کی مختلف تنظیموں نے ریاست میں سرکاری طور پر محرم منانے کا مطالبہ کیا ہے۔ محرم کے لئے ابھی ایک مہینہ باقی ہے۔ تلنگانہ میں عاشور خانوں کے متولیوں کی تنظیم انجمن متولیان کا آج بادشاہی عاشور خانہ میں اجلاس ہوا۔ اِس تنظیم نے کہا کہ کانگریس پارٹی نے اپنے منشور میں وعدہ کیا تھا کہ اقتدار میں آنے کے بعد وہ محرم کو سرکاری پیمانہ پر منائے گی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی انتخابی منشور میں کیا گیا وعدہ پورا کریں۔

☆☆

آندھرا پردیش میں تلگودیشم پارٹی کے نومنتخب ارکان اسمبلی کا کل اجلاس ہوگا جس میں چندرا بابو نائیڈو کو پارٹی کا لیڈر منتخب کیا جائے گا۔ پارٹی کی ترجمان جیوتسنا نے بتایا کہ یہ اجلاس کل صبح منعقد ہونے کا امکان ہے۔ تلگودیشم، بی جے پی اور جنا سینا پر مشتمل این ڈی اے اتحاد کے قائدین گورنر عبدالنذیر سے ملاقات کریں گے اور تشکیل حکومت کا دعویٰ پیش کریں گے۔ چندرا بابو نائیڈو چہارشنبہ کو وجئے واڑہ میں گناورم ایرپورٹ کے قریب کیسرا پلی آئی ٹی پارک میں چیف منسٹر کی حیثیت سے حلف لیں گے۔

☆☆

ریاستی حکومت نے ریاست بھر میں 436 کلومیٹر طویل ریاستی سڑکوں کی مرمت کا فیصلہ کیا ہے۔ محکمہ عمارات وشوارع کے عہدیدار مرمتی کاموں کے لئے ٹنڈر کا عمل مکمل کرنے طریقہ کار تیار کر رہے ہیں۔ عہدیداروں نے بتایا کہ عموماً مانسون کے آغاز سے قبل سڑکوں کی مرمت کی جاتی ہے، لیکن لوک سبھا انتخابات کے لئے ضابطہ اخلاق کے پیش نظر ریاستی حکومت ٹنڈر کا عمل مکمل نہیں کر سکی۔ سنٹرل روڈ انفرااسٹرکچر فنڈ کے تحت مرکزی حکومت نے گزشتہ مالی سال کے دوران ریاست کو 850 کروڑ روپے مختص کئے تھے۔ تاہم گزشتہ سال ریاست میں اسمبلی انتخابات کی وجہ سے کاموں کو قطعیت نہیں دی جا سکی۔

☆☆

مرکزی کابینہ کا پہلا اجلاس اب سے کچھ دیر قبل دہلی میں شروع ہوا۔ کل شام وزیر اعظم نریندر مودی اور مرکزی وزراء نے حلف لیا تھا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے راشٹر پتی بھون میں منعقدہ تقریب میں وزیر اعظم مودی اور ان کی وزارتی کونسل کے ارکان کو حلف دلایا تھا۔

☆☆

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ حکومت تعلیمی اور زرعی کمیشن تشکیل دے گی تاکہ ان شعبوں کے مسائل کا مسلسل حل نکالا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم پر اخراجات محض مصارف نہیں ہے، بلکہ سرمایہ کاری ہے اور سماج کو تعلیم پر سرمایہ کاری سے فائدہ ہوگا۔ حیدرآباد کے رویندرا بھارتی میں آج امتیازی نشانات سے کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ کو ایوارڈس پیش کئے جانے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت ہر گاؤں اور ہر تانڈے میں تعلیمی سہولتیں فراہم کرنے کی پابند ہے۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ ان کی حکومت نے ریاست میں سنگل ٹیچر والا کوئی بھی اسکول بند نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے ان تمام سرکاری اسکولوں کی عمارتوں کی تزئین نو شروع کر دی ہے، جن کی حالت خستہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کام پر دو ہزار کروڑ روپے خرچ کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے سرکاری اسکولوں میں طلبہ کے اندراج کو بڑھانے کے لئے پروفیسر جئے شنکر بڑی

باڈا پروگرام شروع کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے سرکاری اسکولوں کا انتظامیہ خواتین کے گروپوں کو سونپ دیا ہے۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ گرین چینل کے ذریعہ فنڈ فراہم کریں۔ چیف منسٹر نے کہا کہ حکومت سرکاری اسکولوں میں نیم اقامتی نظام پر عمل آوری کی تجویز پر غور کررہی ہے۔انہوں نے اس موقع پر امتیازی نشانات سے کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ کو ایوارڈس پیش کئے۔

☆☆☆

دریائے کرشنا پر تعمیر کئے گئے پراجکٹس جورالا اور سری سیلم میں اِس سال پہلی مرتبہ پانی کا بہاو درج کیا گیا ہے۔کیچ منٹ علاقوں میں شدید بارش کی وجہ سے ان پراجکٹس میں پانی کا ذخیرہ شروع ہوگیا ہے۔جورالا پراجکٹ میں پانی کا بہاو چار ہزار کیوزکس ہے۔سری سیلم پراجکٹ میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں سے تین ہزار کیوزکس پانی جمع ہورہا ہے۔تنگا بھدرا پراجکٹ میں بھی ہفتہ سے تقریباً2 ہزار600 کیوزکس پانی جمع ہورہا ہے۔کرناٹک کے نارائن پور ڈیم کو گزشتہ چار دن کے دوران 4.5 ٹی ایم سی پانی حاصل ہوا اور یہاں پانی کا بہاو 11 ہزار 713 کیوزکس ہے۔جورالا میں پانی کا ذخیرہ چار اعشاریہ چھ دو ٹی ایم سی ہوگیا ہے جبکہ اس میں جملہ گنجائش 9 اعشاریہ چھ چھ ٹی ایم سی ہے۔اسی طرح سری سیلم پراجکٹ میں پانی کی موجودہ مقدار 3 اعشاریہ پانچ دو ٹی ایم سی ہے جبکہ یہاں جملہ گنجائش 215 ٹی ایم سی ہے۔

☆☆☆

ریاست میں دو الگ الگ سڑک حادثات میں چار افراد ہلاک اور ایک شخص زخمی ہوگیا۔بھوپال پلی ضلع میں دونو جوان اس وقت ہلاک ہوگئے جب ان کی موٹر سائیکل کو جس پر وہ سوار تھے مخالف سمت سے آنے والی کار نے ٹکر ماردی۔ یہ حادثہ کل رات ضلع کے کملاپور گاؤں کے مضافات میں رامپور روڈ پر پیش آیا۔ مہلوکین کی شناخت نریش اور کنود کے طور پر کی گئی۔اس موٹر پر سوار ایک اور شخص شدید زخمی ہوگیا اور اسے ہنمکنڈہ ٹاؤن کے ایک ہاسپٹل میں شریک کیا گیا ہے۔پولیس نے مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کردیا۔کل رات کریم نگر۔ورنگل قومی شاہراہ پر پیش آئے ایک اور حادثہ میں دونو جوان ہلاک ہوگئے۔یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب ایک موٹر سائیکل پر وہ سوار تھے، مخالف سمت سے آنے والی لاری سے ٹکرا گئی۔ مہلوکین کی شناخت مہیش اور اروند چاری کی حیثیت سے ہوئی ہے۔پولیس نے بتایا کہ یہ دونوں کریم نگر سے ورنگل جارہے تھے۔ پولیس نے تحقیقات کا آغاز کردیا ہے۔